© rasailojaraid.com



(ای صاحب تنویر الابصار) ثم قال والخبیث ماتستخبثہ الطباع السلیمۃ" اور حلال نہیں ہے...... وہ کوا جس کے رنگ میں سیاہی اور سفیدی ملی جلی ہوا ور جو مُردار کھاتا ہو، کیونکہ وہ خبائث میں شامل ہے۔ یہ بات مصنف (یعنی صاحب تَنْوِیْرُالْاَبْصَار) نے لکھی ہے، پھر کہا ہے کہ خبیث وہ ہے جسے سلیم الطبع لوگ گندا اور ناپاک سمجھتے ہیں۔"

علامہ شامی نے رَدُّالْمُحْتَار میں اس کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے:

اما الغراب الابقع (الذی فیہ بیاض وسواد) والاسود فھو انواع ثلاثۃ، نوعٌ یلتقط الحب ولا یاکل الجیف ولیس بمکروہ، ونوع لا یاکل الا الجیف فانہ مکروہ، وھوالذی سماہ المصنف الابقع۔ ونوع یخلط، یاکل الحب مرۃً والجیفَ اخری، ولم یذکرہ فی الکتاب، وھو غیر مکروہ عندہ (ای ابی حنیفۃ) ومکروہ عند ابی یوسف۔

"ملے جلے رنگ یا سیاہ رنگ کے کوّوں کی تین قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو دانے چگتا ہے اور مُردار نہیں کھاتا۔ وہ مکروہ نہیں ہے۔ دوسرا وہ جو مُردار ہی کھاتا ہے۔ وہ مکروہ ہے اور مصنف نے اسی کو ملے جلے رنگ کا کوا کہا ہے۔ تیسرا وہ جو کبھی مُردار کھاتا ہے اور کبھی دانے چگتا ہے۔ مصنّف نے اس کا ذکر نہیں کیا۔ وہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک مکروہ نہیں ہے اور امام ابویوسف کے نزدیک مکروہ ہے"۔ (ردالمحتار، جلد۵، ص ۲۹۶)۔

اسی کتاب میں مندرجہ بالا بحث کو آپ دیکھیں تو معلوم ہوجائے گا کہ کون کون سے پرندے حلال ہیں۔

۲۔ سیلاب یا کثرتِ بارش یا کسی اور آفت کے موقع پر اذانیں دینا مسلمانوں میں رائج ہوگیا ہے، لیکن میرے علم کی حد تک یہ طریقہ کسی سند پر مبنی نہیں ہے، بلکہ غالباً لوگوں نے اسے اللہ تعالیٰ کو مدد کے لیے پکارنے کی ایک صورت سمجھ کر اختیار کیا ہے۔ اگر لوگ اسے مشروع سمجھ کر کریں تو غلط ہے، اور اگر محض اللہ سے فریاد کرنے اور اس کی رحمت کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی نیت سے کریں تو مباح ہے۔

۳۔ نماز میں سر ڈھانکنے کا کوئی حکم، یا ننگے سر نماز پڑھنے کی کوئی نہی میرے علم میں نہیں ہے۔ البتہ یہ معلوم ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام عمامہ یا ٹوپی پہنے ہوئے ہی نماز پڑھتے تھے۔ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ کے حکم کا تقاضا بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ نماز اچھا لباس پہن کر پڑھی جائے، اور ٹوپی یا عمامہ بھی اس میں داخل ہے۔ تاہم اگر کوئی شخص ننگے سر نماز پڑھے تو اس کی نماز ہو جائے گی۔

© rasailojaraid.com